اراضی سے، چنانچہ ڈبو دیا ہم نے اس کو اور اسکے سب ساتھیوں کو● اور فرما دیا اسکے بعد بنی اسرائیل کو

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ

کہ رہو سہو اس زمین میں، پھر جہاں آیا آخرت کا وعدہ، لے آئے ہم تمہیں لپیٹ کر● اور ہم نے بالکل

اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرْاٰنًا

ٹھیک اسے نازل کیا، اور وہ ٹھیک ہی نازل ہوا، اور نہیں بھیجا ہم نے تم کو، مگر خوشخبری سناتا اور ڈراتا --●-- اور قرآن کو ہم

فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَي النَّاسِ عَلٰي مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا

نے ذرا ذرا کر کے بھیجا، تاکہ تم پڑھو اسے لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر، اور ہم نے اسے آہستہ آہستہ کر کے اتارا● کہہ دو کہ اسے

بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

مانو یا نہ مانو۔ بے شک جنہیں دیا گیا ہے علم اس کے پہلے سے، جب تلاوت کیا جاتا ہے

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ

قرآن ان پر، تو گر جاتے ہیں ٹھوڑی کے بل سجدہ کرتے ہوئے● اور کہتے ہیں پاکی ہے ہمارے پروردگار کی، بیشک ہمارے

رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿۱۰۹﴾

پروردگار کا وعدہ کیا دھرا ہے● اور گرتے ہیں ٹھوڑی کے بل روتے ہیں، اور بڑھتا جاتا ہے انکے دل کا جھکاؤ●

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ

تم کہہ دو، کہ تم لوگ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو، جو کچھ کہہ کر پکارو، سب اچھے نام اسی کے تو ہیں۔

وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾

اور نہ چلاؤ اپنی نماز میں، اور نہ پھس پھساؤ اس میں، اور ان کے بیچ کا راستہ رکھو●

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي

اور کہتے رہو کہ ساری حمد اللہ کی، جس نے نہ رکھا اپنی کوئی اولاد، اور نہ کبھی رہا اس کا کوئی شریک

الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲

بادشاہی میں، اور نہ کبھی رہا اس کا مددگار کمزوری کی بنا پر، اور بولتے رہو اس بڑے کی تکبیر●

سُوْرَةُ الْكَهْف ۱۸ مَكِّيَّة ۶۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۰ رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورۂ کہف مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۱۰ رکوع ۱۲

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾

ساری حمد اللہ کی، جس نے اتارا اپنے بندہ پر کتاب کو، اور نہ دی اسے کچھ بھی کجی◉

قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

سراپا راست، تاکہ ڈرادے اللہ کے پاس سے آنیوالے سخت عذاب سے، اور خوشخبری دیدے ماننے والوں کو، جو

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ﴿۳﴾ وَّ

کام کریں لیاقت والے، کہ بلاشبہ انکے لئے اچھا ثواب ہے● جس میں ہمیشہ ٹھہریں گے● اور

يُّنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ﴿۴﴾ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا

ڈرادے انھیں، جو بکا کئے کہ بنایا ہے اللہ نے اپنی اولاد● نہ انھیں اس کا کچھ علم ہے اور نہ

لِاٰبَآئِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾

ان کے باپ دادوں کو، کتنی بڑی بولی نکل پڑی ان کے منہ سے۔ نہیں بولتے مگر بس جھوٹ●

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

تو کیا کہیں کھیل جاؤ گے اپنی جان پر ان کے پیچھے، اگر کفار نے نہ مانا اس بات کو

اَسَفًا ﴿۶﴾ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ

صدمہ کر کے؟● بیشک ہم نے پیدا فرمایا زمین پر اسکا سنگار، تاکہ ہم آزمائیں کہ ان میں کون کام میں سب

عَمَلًا ﴿۷﴾ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ﴿۸﴾ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

سے اچھا ہے● اور بیشک ہم ضرور کر دینے والے ہیں جو کچھ اس پر ہے میدان بنجر● کیا تمہیں پتہ چلا؟ کہ

اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَالرَّقِيۡمِ كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ

کھوہ اور وادی رقیم والے تھے، ہماری نشانیوں سے انوکھے ● جبکہ پناہ لی ان جوانوں نے

اِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا

کھوہ کی طرف، تو دعا کی کہ پروردگار ادے ہمیں اپنی طرف سے رحمت، اور سامان کردے ہمارے لئے، ہمارے

رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبۡنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمۡ فِى الۡكَهۡفِ سِنِيۡنَ عَدَدًا ۝۱۱ ثُمَّ

معاملہ میں راہ پاجانے کی ● تو تھپکی ماری ہم نے ان کے کانوں پر کھوہ میں کئی سال ● پھر اٹھایا

بَعَثۡنٰهُمۡ لِنَعۡلَمَ اَىُّ الۡحِزۡبَيۡنِ اَحۡصٰى لِمَا لَبِثُوۡۤا اَمَدًا ۝۱۲ نَحۡنُ نَقُصُّ ع ۱۲ ۱۳

ہم نے انھیں، کہ دونوں گروہوں میں سے کون ٹھیک گنے ہے مدت کو، جس میں وہ ٹھہرے ● ہم ظاہر کئے دیتے

عَلَيۡكَ نَبَاَهُمۡ بِالۡحَقِّ ؕ اِنَّهُمۡ فِتۡيَةٌ اٰمَنُوۡا بِرَبِّهِمۡ وَزِدۡنٰهُمۡ هُدًى ۝۱۳

ہیں تم پر انکا واقعہ ٹھیک ٹھیک۔ وہ کچھ نوجوان تھے، مان گئے تھے اپنے پروردگار کو، اور بڑی ہدایت ہم نے فرمائی تھی ●

وَّرَبَطۡنَا عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ اِذۡ قَامُوۡا فَقَالُوۡا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

اور ہم نے ڈھارس دی انکے دلوں پر جبکہ کھڑے ہوگئے، پھر بولے کہ ہمارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا پالنہار ہے،

لَنۡ نَّدۡعُوَا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدۡ قُلۡنَاۤ اِذًا شَطَطًا ۝۱۴ هٰٓؤُلَاۤ

ہم ہرگز نہ پکاریں گے انھیں جو اس کو چھوڑ کر معبود بنائے گئے ہیں، کہ ایسا کرنے پر ہم نے بڑی بے جا بات کہی ● اس

قَوۡمُنَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوۡلَا يَاۡتُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ بِسُلۡطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ

ہماری قوم نے بنا لئے بہت سے معبود اللہ سے الگ۔ کیوں نہیں لاتے ان پر کوئی روشن دلیل۔

فَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۱۵ وَاِذِ اعۡتَزَلۡتُمُوۡهُمۡ وَمَا

تو کون زیادہ اندھیر والا ہے اس سے، جس نے گڑھ لیا اللہ پر جھوٹ ● اور جب کنارہ کش ہو چکے، تو ان سے

يَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاۡوٗۤا اِلَى الۡكَهۡفِ يَنۡشُرۡ لَكُمۡ رَبُّكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ

اور جو کچھ یہ پوجیں اللہ کے سوا، تو پناہ لے لو کھوہ میں، عام کردیگا تمہارے لئے تمہارا پروردگار اپنی رحمت،

وَيُهَيِّئۡ لَكُمۡ مِّنۡ اَمۡرِكُمۡ مِّرۡفَقًا ۝۱۶ وَتَرَى الشَّمۡسَ اِذَا طَلَعَتۡ تَّزٰوَرُ

اور مہیا فرمادیگا تمہارے لئے تمہارے کام میں آسانی ● اور سورج کو دیکھو گے کہ جب نکلا تو بچ کر جاتا ہے

عَنۡ كَهۡفِهِمۡ ذَاتَ الۡيَمِيۡنِ وَاِذَا غَرَبَتۡ تَّقۡرِضُهُمۡ ذَاتَ الشِّمَالِ

ان کے کھوہ سے داہنی طرف، اور جب ڈوبا، تو کترا جاتا ہے ان سے بائیں کو،

وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۭ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ

اور وہ لوگ اس کے کھلے مقام میں ہیں۔ یہ اللہ کی نشانیاں ہیں جسے راہ اللہ دے، تو وہ

الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝۱۷ وَتَحْسَبُهُمْ ع ۱۲

راہ پانے والا ہے۔ اور جسکو بے راہ رکھے، تو نہ پاؤ گے اس کا کوئی مددگار رہنما● اور تم خیال کرو گے

اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ وَ

انھیں کہ جگ رہے ہیں، حالانکہ وہ سو رہے ہیں، اور کروٹیں کراتے ہیں ہم انھیں داہنے بائیں۔ اور

كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ

ان کا کتا بچھائے ہے اپنے دونوں ہاتھ چوکھٹ پر۔ اگر تم جھانکتے ان پر، تو ضرور پلٹ جاتے ان سے

فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۝۱۸ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَاۗءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ

بھاگ کر، اور ضرور بھر جاتے انکے رعب سے● اور اسی طرح اٹھایا ہم نے انھیں تاکہ باہمی دریافت کریں

قَالَ قَاۗىِٕلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا

ایک پوچھنے والے نے ان میں سے پوچھا، کہ کتنا تم لوگ ٹھہرے؟ کچھ نے جواب دیا کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ کچھ نے

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

کہا کہ تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے جتنا تم لوگ ٹھہرے، تو اپنے کسی ایک کو بھیجو اس نقرئی سکہ کو لے کر شہر کی جانب،

فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

کہ وہ دیکھے کہ سب میں کون سا کھانا زیادہ پاکیزہ ہے، چنانچہ لے آئے تمہارے پاس اسی سے کھانے کو، اور نرم بنا رہے اور پتہ نہ دے

بِكُمْ اَحَدًا ۝۱۹ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ

تمہارا کسی کو● بلاشبہ وہ کافر لوگ اگر چڑھ آئے تم پر، تو پتھراؤ کرینگے تمہارا، یا لوٹائینگے تم کو اپنے

وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝۲۰ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ

دھرم میں اور پھر نہ کامیاب ہوسکو گے کبھی● اور اسی طرح آگاہی دی ہم نے ان پر، تاکہ سب جان لیں کہ اللہ کا

اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

وعدہ ٹھیک ہے، اور بیشک قیامت میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ جبکہ وہ جھگڑنے لگے باہم ان کے بارے

فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا

میں، چنانچہ بولے کہ بناؤ ان پر قبے۔ ان کا پروردگار خوب جانتا ہے انھیں۔ بولے وہ لوگ جو غلبہ لے

عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ

چکے تھے انکے معاملہ میں، کہ ہم ضرور بنائینگے ان کی درگاہ پر مسجد ● عنقریب چند لوگ کہیں گے کہ تین، اور چوتھا ان کا

كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

کتا۔ اور کوئی کہیں گے پانچ، چھٹا ان کا کتا، بے دیکھے تیر تکا۔ اور کچھ کہیں گے

سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۣ

سات، اور آٹھواں انکا کتا۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار خوب جانتا ہے، انکے شمار کو، اور انھیں نہیں جانتے مگر تھوڑے لوگ۔۔

فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَاۗءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ ع ۳ ۱۵

تو تم نہ بحث کیا کرو انکے بارے میں، مگر جو ظاہر کر دی گئی بحث۔ اور نہ پوچھا کرو انکے بارے میں ان یہودیوں میں سے کسی سے ●

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْيْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۡ

اور نہ کہا کرو کسی اپنے چاہے کو، کہ میں کل یہ کر دوں گا ● مگر یہ کہ اللہ بھی چاہے۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ

اور یاد کرو اپنے پروردگار کو، جب بھول گئے ہو، اور کہو کہ قریب ہے کہ راہ دیگا مجھے میرا پروردگار اس سے بھی زیادہ، جو

هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾

نزدیک ہے ہدایت کے ● اور وہ لوگ رہے اپنے پہاڑ کی کھوہ میں تین سو برس، اور مزید نو سال ●

قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَ

کہہ دو کہ اللہ خوب جانتا ہے کہ کتنا رہے۔ اسی کیلئے ہے غیب آسمانوں اور زمین کا۔ کیا ہی دیکھتا اور

اَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَ

کیسا سنتا ہے۔ نہیں ہے ان کا اسے چھوڑ کر کوئی والی، اور نہیں شریک کرتا اپنے حکم میں کسی کو ● اور

اتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ

تلاوت کرتے رہو جو وحی کی گئی تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی کتاب۔ کوئی نہیں بدلنے والا اسکے کسی کلمے کا۔۔ اور

تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

نہ پاؤ گے تم اس کو چھوڑ کر کوئی پناہ گاہ ● اور اپنے کو پابند رکھو ان کی صحبت کا، جو پکارا کریں اپنے پروردگار کو

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ

صبح و شام، طالب ہیں اسکی ذات کے، اور نہ ہٹیں تمہاری آنکھیں ان سے، کہ خواہش مند قرار پاؤ

زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ

دنیاوی زندگی کی آرائش کا۔ اور نہ مانو کہا اسکا کہ غفلت میں پڑا رہنے دیا ہم نے اسکے دل کو اپنی یاد سے، اور وہ غلام ہو گیا اپنی

هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ ع ۱۱

خواہش کا، اور اسکا کام حد سے باہر ہوتا رہا● اور بتا دو کہ یہ ٹھیک ٹھیک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے، تو جسکی خوشی ہے، وہ تو مانے

وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ

اور جو خوش نہیں، تو وہ انکار کر دے۔ بیشک ہم نے مہیا فرما لیا ہے اندھیر والوں کیلئے آگ، کہ گھیر لیا انھیں جسکی چہار دیواری نے۔

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

اور اگر پانی مانگیں تو پانی دیا جائیگا جیسے پگھلتی کھولتی دھات، جو بھون ڈالے انکے منہ کو۔ کیسا برا پانی ہے۔

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ

اور کتنی بری جگہ ہے● بیشک جنھوں نے مانا، اور لیاقت کے کام کئے، تو بلاشبہ ہم ضائع نہیں کرتے

اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهِمُ

اس کے ثواب کو جس نے اچھا کام کیا● وہ ہیں جن کیلئے ہیں سدا بہار باغ، بہتی ہیں جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا

نہریں، پہنائے جائیں گے اس میں کڑے سونے کے، اور پہنیں گے کپڑے سبز رنگ کے،

مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ

ریشمی کریب اور پوت کے تکیہ لگائے ہوئے، وہاں اپنے اپنے تخت پر، کیا خوب ثواب ہے۔

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا ع ۱۲ ۱۶

اور کتنی اچھی آرام گاہ ہے● اور انھیں مثال سناؤ دو شخصوں کی، کہ جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ دیئے

جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ ﴿۳۲﴾

انگوروں کے، اور خوب گھنی احاطہ بندی کی ہم نے انکی کھجور کے درختوں سے، اور دونوں باغ کے درمیان بنا دی ہم نے کھیتی●

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۙ ﴿۳۳﴾

دونوں باغ لائے خوب اپنے پھل اور کچھ کمی نہ کی، اور نکال دی ہم نے ان کے درمیان نہر●

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ

اور تھا وہ شخص پھلا پھولا، تو وہ بولا اپنے ساتھی سے بات چیت کرتے کرتے، کہ میں تجھ سے مال میں زیادہ اور جتھا میں بڑا

نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ

زوردار ہوں● اور اندر گیا اپنے باغ کے، اپنے لئے اندھیر کرتا ہوا۔ بولا کہ "مجھے اسکا گمان بھی نہیں کہ یہ بہار کبھی

هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ

برباد ہو● اور مجھے اس کا گمان بھی نہیں کہ قیامت قائم ہوگی، اور بیشک اگر میں لوٹا ہی دیا گیا اپنے پروردگار

لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ

کی طرف، تو ضرور پاؤنگا میں اس سے بہت بہتر ٹھکانہ"● جواب دیا اسکو اسکے ساتھی نے باتیں کرتے کرتے، "کہ کیا

بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا

ناشکرے ہو گئے اُسکے، جس نے تجھے پیدا فرمایا مٹی سے، پھر نطفہ سے، پھر کر دیا تجھے سڈول مرد"● لیکن ہم،

هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ

تو ہمارا پروردگار وہی اللہ ہے، اور ہم نہیں شریک مانتے اپنے پروردگار کا کسی کو● "اور جب تو باغ کے اندر گیا، تو کیوں نہ کہا کہ

مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾

جو اللہ نے چاہا ہوا، کوئی کسی کا زور نہیں، سوا اللہ کے۔ اگر تیرے دیکھنے میں تجھ سے کم ہوں مال و اولاد میں●

فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

تو قریب ہے کہ میرا پروردگار مجھ کو دے، تیرے باغ سے بہتر، اور بھیج دے اس تیرے باغ پر عذاب

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ

آسمان سے، تو ہو جائے میدان کائی لگا● یا دھنس کے رہ جائے اس کا پانی، تو تم

تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ

ڈھونڈھے نہ پا سکو"● اور گھیرے میں ڈال دیا گیا اس کا پھلنا پھولنا، تو اب اپنی ہتھیلیاں ملتا ہے، جو لاگت

اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ

لگائی تھی اس میں اور وہ اپنی ٹیٹوں پر گر پڑا ہے، اور کہنا پڑتا ہے، کہ اے کاش میں نے شریک

بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا

نہ بنایا ہوتا اپنے پروردگار کا کسی کو● اور نہ رہ گئی اسکی کوئی پارٹی، جو اللہ کے مقابل مدد کرے۔ اور نہ

كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

خود بدلہ لینے کے قابل تھا● یہاں کھلا، کہ اختیار اللہ برحق کا ہے۔ وہی ثواب دینے میں سب سے بہتر اور انجام

عُقْبًا ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ ع ۵ ۱۲ ۱۷

بخیر فرمانیوالا ہے● اور انہیں بتادو مثال دنیاوی زندگی کی، کہ جیسے پانی، ہم نے جسے برسایا آسمان کی

فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ

طرف سے، تو گھل مل گئی اس سے زمین کی ہری گھاس، پھر وہ ہوگئی سوکھی، کہ ہوائیں اسکا تنکا اڑائیں۔ اور

اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اللہ ہر چاہے پر قابو رکھنے والا ہے● مال اور اولاد، آرائش ہیں دنیاوی زندگی کی، اور ہمیشہ رہنے والی

وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ

لیاقت کی چیزیں، زیادہ بہتر ہیں تمہارے پروردگار کے نزدیک ثواب میں، اور نہایت خوب ہیں امید رکھنے میں● اور جس دن

نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

کہ ہم چلادینگے پہاڑوں کو، اور دیکھوگے زمین کو ہر شے سے صاف، اور ہم نے انکا حشر کیا، تو کسی کو نہ

اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰي رَبِّكَ صَفًّا ۭ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ

چھوڑا● اور سب پیش کئے گئے تمہارے پروردگار کے حضور پر لگائے، آخر آ ہی گئے تم ہمارے پاس، جس طرح کہ پیدا فرمایا

اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ

تھا ہم نے تمہیں پہلی بار، بلکہ تم تو بکتے تھے کہ ہم نہ مقرر کرینگے تمہارے لئے وعدہ کا کوئی وقت● اور جہاں رکھ دیا گیا نامۂ

فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ

اعمال، تو دیکھوگے مجرم لوگوں کو کہ ڈرتے ہیں اس میں جو لکھا ہے، اور چلّاتے ہیں کہ ہائے رے تباہی، آخر کیا ہے

هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا

اس نامۂ اعمال کو، کہ نہ چھوٹا گناہ چھوڑے نہ بڑا، مگر سب گھیر لیا۔ اور پالیا جو

مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ ع ۵ ۱۳ ۱۸

کچھ کیا تھا سامنے۔ اور ظلم نہیں فرماتا تمہارا پروردگار کسی پر● اور جبکہ حکم دیا ہم نے فرشتوں کو، کہ سجدہ

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ

کرو آدم کا، تو سب نے سجدہ کیا، مگر ابلیس نے۔ گروہ جن سے تھا، تو اپنے رب کے حکم سے

عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ

نکل گیا، تو کیا تم لوگ بناؤ گے اس کو اور اس کی اولاد کو میرے مقابل کا دوست؟ حالانکہ وہ سب تمہارے

عَدُوًّا ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِیْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَاۤ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ

دشمن ہیں۔ کتنا برا ہے اندھیر والوں کا بدل ● میں نے ان لوگوں کو نہ تو گواہ بنایا تھا آسمانوں

وَ الْاَرْضِ وَ لَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَ مَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّیْنَ

اور زمین کی پیدائش، نہ خود ان کی پیدائش کا۔ اور نہ مجھے زیبا کہ بناؤں، گمراہ کرنے والوں کو

عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَ یَوْمَ یَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِیَ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ

قوتِ بازو● اور جس دن فرمائے گا کہ پکارو اپنے فرضی میرے شریکوں کو، تو انھوں نے آواز

فَلَمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَهُمْ وَ جَعَلْنَا بَیْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَ رَاَ الْمُجْرِمُوْنَ

دی، پھر بھی انھیں جواب نہ دیا اور کر دیا ہم نے انکے درمیان میدان ہلاکت● اور دیکھا مجرم لوگوں نے

النَّارَ فَظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَ لَمْ یَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ وَ لَقَدْ ع ۶

آگ، تو سمجھ گئے کہ وہ بلاشبہ اس میں پڑنے والے ہیں، اور نہ پایا اس سے پھرنے کی جگہ● اور ہم نے

صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَ كَانَ

بے شک طرح طرح سے بیان کیا اس قرآن میں لوگوں کیلئے، ہر مضمون کو۔ اور انسان سب

الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَ مَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْۤا

سے زیادہ جھگڑالو ہے● اور نہیں روک رکھا ہے لوگوں کو مان جانے سے، جبکہ آگئی

اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَ یَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّاۤ اَنْ تَاْتِیَهُمْ سُنَّةُ

ان کے پاس ہدایت، اور یہ کہ مغفرت چاہیں اپنے رب کی، مگر یہ کہ آجائے ان کے پاس

الْاَوَّلِیْنَ اَوْ یَاْتِیَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَ مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِیْنَ

پہلوں کا دستور، یا عذاب ان کے سامنے آجائے● اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو

اِلَّا مُبَشِّرِیْنَ وَ مُنْذِرِیْنَ ۚ وَ یُجَادِلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ

مگر خوش خبری سنانے والے اور ڈرانے والے۔ اور جھگڑتے ہیں جنھوں نے کفر کر رکھا ہے باطل سے،

لِیُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَ اتَّخَذُوْۤا اٰیٰتِیْ وَ مَاۤ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَ

تا کہ باطل بنا دیں اس سے حق کو، اور بنا لیا ہے میری آیتوں کو اور جو ڈرائے گئے ہیں، سب کو ٹھٹھا● اور

مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَ نَسِیَ مَا

کون اس سے بڑھ کر اندھیر والا ہے، جسے یاد دلائی گئیں اسکے رب کی آیتیں، تو اس نے منہ پھیر لیا ان سے، اور بھول گیا جو

قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ

پہلے بھیج چکے اس کے ہاتھ۔ بیشک ہم نے ڈال دیا ان کے دلوں پر غلاف، کہ سمجھ سکیں قرآن،

وَ فِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَ اِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ

اوران کے کانوں میں بہرا پن۔ اوراگر بلاؤانھیں ہدایت کی طرف، توبھی ہرگز

يَّهْتَدُوْۤا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَ رَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ

راہ نہ پائیں گے کبھی● اورتمہارا پروردگار مغفرت فرمانے والا رحمت والا ہے۔ اگران کی

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ

پکڑ کرتا جوانھوں نے کمارکھا ہے، توجلدی کرتا ان پرعذاب۔ بلکہ انکے لئے

مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَ تِلْكَ الْقُرٰۤى

ایک وعدہ کا وقت ہے، کہ نہ پائینگے اس کے مقابل میں کوئی ٹھکانہ● اور یہ آبادیاں ہیں،

اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَ جَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع وَ اِذْ ۴۰

کہ تباہ کردیا ہم نے انھیں جب انھوں نے اندھیر مچایا، اور کردیا تھا ہم نے ان کی تباہی کیلئے وعدہ● اور جبکہ کہا

قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَاۤ اَبْرَحُ حَتّٰۤى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

موسیٰ نے اپنے جوان کو، کہ میں چلتا ہی رہوں گا، یہاں تک کہ پہنچ جاؤں دونوں دریاؤں کے سنگم پر،

اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا

یا چلتا ہی رہوں مدتوں● چنانچہ جب دونوں پہنچے سنگم کو، تو دونوں اپنی مچھلی بھول گئے

فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿۶۱﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ

تو بنالیا اس نے اپنی راہ دریا میں سرنگ کرکے● پھر جب دونوں آگے بڑھ گئے، تو کہا اپنے جوان کو کہ

اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿۶۲﴾ قَالَ

لاؤ ہمارا ناشتہ، کہ ہم نے پایا اپنے اس سفر سے تکان● وہ بولا کہ

اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَاۤ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۫ وَ مَاۤ

اب بتایئے کہ جب ہم نے پناہ لی تھی چٹان کی جانب، تو میں بھول گیا مچھلی کو۔ اور نہیں

اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَ اتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ

بھلایا مجھے، مگر شیطان نے، کہ اس کو یاد رکھوں۔ اور بنالیا اس نے اپنا راستہ دریا میں۔

عَجَبًا ﴿۶۳﴾ قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿۶۴﴾

بڑا اچنبھا ہے● جواب دیا کہ یہ تو ہم نہیں چاہتے تھے۔ چنانچہ دونوں پلٹے اپنے نشان قدم پر ڈھونڈھتے●

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ

تو پایا میرے بندوں میں سے ایک بندہ کو، دیا ہے ہم نے جس کو رحمت اپنی طرف سے، اور سکھا دیا

مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ

ہم نے انھیں علم لدنی● کہا انھیں موسیٰ نے، "کہ کیا میں ساتھ رہ سکتا ہوں آپکے؟ اسپر کہ آپ سکھا دیں

مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَ

مجھے جو آپ کو سکھایا گیا ہے خوب" ● بولے، کہ "آپ بلاشبہ نہ کر سکیں گے میری ہمراہی میں صبر● اور

كَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ

کس طرح آپ صبر کریں گے، جو آپ کے دائرہ علم میں نہیں" ● کہا، کہ "آپ مجھے پائیں گے

شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ

انشاء اللہ صابر، اور نہ خلاف کروں گا میں آپکے کسی حکم کے" ● بولے، "تو اگر میرے ساتھ رہنا

فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع ۹ ۱۱ ۲۱

ہے، تو نہ پوچھئے گا مجھ سے کچھ، یہاں تک کہ میں ہی بتا دوں ذکر کر کے" ●

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ

تو دونوں چل پڑے۔۔ یہاں تک کہ جب دونوں سوار ہوئے کشتی میں، تو اس بندہ نے سوراخ کر دیا اس میں، دریافت کیا، کہ "آپنے کشتی

اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ

میں سوراخ کر دیا تا کہ ڈبو دیں اسکے سواروں کو، یہ آپ نے بری بات کی" ● بولے "کیا نہیں کہہ رکھا ہے میں نے کہ آپ نہ کر سکیں گے

مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ

میرے ساتھ صبر" ● کہا، کہ "پکڑ نہ کیجئے میری، جسے میں بھول گیا۔ اور نہ ڈالئے میرے حق میں

اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ

دشواری" ● پھر دونوں چلے۔۔۔ یہاں تک کہ جب ملے ایک لڑکے کو، تو اس بندہ نے مار ڈالا اسے۔ کہا، "کیا

اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾

آپ نے مار ڈالا ایک بے گناہ جان کو بغیر کسی جان کے بدلے؟ کوئی شبہ نہیں کہ آپ نے بہت بری بات کی" ●